© rasailojaraid.com



# ندوۃ المصنفین کی تازہ مطبوعات

سنہ ۱۹۶۰ء میں ادارے کی طرف سے معاونین کی خدمت میں جو کتابیں پیش کی گئی ہیں قارئین برہان کی معلومات کیلئے اُن کی فہرست دی جا رہی ہے۔

## حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے سرکاری خطوط

### ایک مہتم بالشان اور متبرک کتاب

اس کتاب میں افضل البشر بعد النبی المرسل خلیفۂ اول حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے وہ تمام خطوط مع اصل و ترجمہ انتہائی کاوش اور دیدہ ریزی سے یک جا کیے گئے ہیں جو خلیفۂ اول نے اپنی خلافت کے پر آشوب اور ہنگامہ خیز دور میں حاکموں، گورنروں اور قاضیوں کے نام تحریر فرمائے ہیں۔ ان مکتوبات اور فرامین کے مطالعہ سے صدیق اکبرؓ کی لاثانی انتظامی خصوصیات اور طریق کار کا پورا نقشہ سامنے آجاتا ہے اس ترتیب و تفصیل کے ساتھ ایسا مجموعہ اب تک وجود میں نہیں آیا تھا۔ اُردو ترجمہ کے ساتھ خطوں سے متعلق ضروری تفصیل بھی دی گئی ہے جس کو پڑھ کر ان فرمانوں کا پورا تاریخی پس منظر سامنے آجاتا ہے۔ شروع میں حضرت صدیق اکبرؓ کے خاص حالات سے متعلق ایک بصیرت افروز تعارف بھی ہے۔ آخر میں عربی کے اصل مکتوبات مرتب صورت میں دیئے گئے ہیں جن سے اہل علم اور طلبہ کو خاص طور پر نفع ہوگا۔ نفیس کتابت و طباعت، اعلیٰ درجہ کا کاغذ، ۲۰۶ صفحات۔ مؤلف و مرتب ڈاکٹر خورشید احمد فارق صاحب اُستاد ادبیات عربی دلّی یونیورسٹی۔ بڑی تقطیع قیمت چار روپے۔ مجلد پانچ روپے۔

## امام غزالی کا فلسفۂ مذہب و اخلاق

### ایک جدید معیاری اور تحقیقی کتاب

مشہور و معروف محقق اور صوفی و فلسفی حجۃ الاسلام امام ابوحامد محمد الغزالی المتوفی ۵۰۵ھ کی شخصیت نہ صرف مسلمانوں اور ایشیا میں بلکہ غیر مسلموں اور یورپ میں بھی مسلّم ہے۔ ان کی تصنیفات اور

© rasailojaraid.com